## پاکستان انٹر نیشنل اسکول جدہ (انگلش سیکشن)

دن : ____________ تاریخ: ____________

### تفہیم: " عید کا دن "




عید کا دن اللہ کا انعام ہے۔ سب لوگ عید کے دن صبح سویرے اٹھتے ہیں۔ نئے کپڑے پہنتے ہیں اور عید کی نماز پڑھنے چلے جاتے ہیں۔ مسلمان عید کے دن اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں۔ بچے بھی عید کے دن خوش ہوتے ہیں۔ انھیں اپنے بڑوں سے عیدی ملتی ہے۔ عید کا دن خوشیوں بھرا ہوتا ہے۔



☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

سوال ا۔ عید کے دن کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟

ا۔ نئے کپڑے 2۔ پرانے کپڑے



سوال ۲۔ عید کے دن کب اٹھتے ہیں۔

1۔ دوپہر کے وقت 2۔ صبح سویرے

☆خالی جگہ پُر کریں۔

عیدی　　　شکر　　　خوش

۱۔ مسلمان عید کے دن اللہ کا ________ ادا کرتے ہیں۔



۲۔ بچے بھی عید کے دن بہت ________ ہوتے ہیں۔

۳۔ انھیں اپنے بڑوں سے ________ ملتی ہے۔

☆ جملے بنائیں۔ (درست جملے کا انتخاب کریں)



1۔ نماز

ہم عید کی نماز پڑھنے جاتے ہیں۔

عید کی نماز پڑھنے جاتے ہیں ہم۔



2۔ دن

خوشیوں بھرا ہوتا ہے عید کا دن ۔

عید کا دن خوشیوں بھرا ہوتا ہے۔

##  دیئے گئے جملوں میں ختمہ (۔) اور سوالیہ (؟) کا درست انتخاب کریں۔

1۔ کیا سارا نے اپنا کام کر لیا ہے ۔ ؟

2۔ ہم اسکول جاتے ہیں ۔ ؟

3۔ علی نے نئے کپڑے پہنے ہیں ۔ ؟

4۔ آپ کہاں سے آرہے ہیں ۔ ؟

5۔ میں صبح سویرے اٹھتا ہوں ۔ ؟

6۔ کتاب کہاں رکھی ہوئی ہے ۔ ؟